6153 ـ مسلمان کی ایک اچھی شخصیت کی مالک قادیانی عورت سے شادی

سوال

مجھے یہ تو علم ہے کہ مسلمان کسی کتابی عورت سے شادی کرسکتا ہے ، توکیا یہ بھی جائز ہے کہ وہ کسی قادیانی عورت سے شادی کرلے (جواچھی شخصیت اوراخلاق حسنہ کی مالک ہو) ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب قادیانی مذہب کفر اکبر اوراسلام سے خروج ہے (آپ قادنیت کے بارہ میں سوال نمبر4060 کا مطالعہ ضرور کریں)تواس وجہ سے اس عورت سے شادی کرنا جائز نہیں ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

نہ تو وہ عورتیں ان کے لیے اور نہ ہی وہ مرد ان عورتوں کے لیے حلال ہیں ۔

واللہ اعلم .